اے سبزگنبد والے منظور دعا کرنا

جب وقتِ نزع آئے دیدار عطا کرنا

اے نورِ خدا آکر آنکھوں میں سما جانا

یا در پہ بلا لینا یا خواب میں آجانا

اے پردہ نشیں دل کے پردے میں رہا کرنا

جب وقتِ نزع آئے دیدار عطا کرنا

اے سبز گنبد والے منظور دعا کرنا

میں قبر اندھیری میں گھبراونگا جب تنہا

امداد میری کرنے آجانا میرے آقا

روشن میری تربت کو اے نورِ خدا کرنا

جب وقتِ نزع آئے دیدار عطا کرنا

مجرم ہوں جہاں بھر کا محشر میں بھرم رکھنا

روسوائے زما نا ہوں دامن میں چھپا لینا

اے سبز گنبد والے منظور دعا کرنا

مقبول یہ عرض میری للہ زرا کر نا

جب وقتِ نزع آئے دیدار عطا کرنا

چہرے سے ضیا پائی ان چاند ستاروں نے

اُس در سے شِفا پائی دکھ درد کے ماروں نے

آتا ہے اُنہیں صابر ہر دکھ کی دوا کرنا

جب وقتِ نزع آئے دیدار عطا کرنا

اے سبز گنبد والے منظور دعا کرنا

محبوبِ الٰہی سا کوئی نہ حسین دیکھا

یہ شان ہی ان کی کہ سایہ بھی نہیں دیکھا

اللہ نے سائے کو چاہا نہ جدا کرنا

جب وقتِ نزع آئے دیدار عطا کرنا

اے سبزگنبد والے منظور دعا کرنا

جب وقتِ نزع آئے دیدار عطا کرنا